سوال

(477) قربانی کرنے کا ثواب پہلے دن زیادہ ہے یا باقی تینوں دن برابر ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پہلے دن قربانی کرنا زیادہ ثواب ہے یا تینوں دن قربانی کا ثواب ایک جیسا ہے؟ (سائل) (۷۔ اپریل ۲۰۰۰)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عام حالات میں پہلے دن قربانی کرنے کا زیادہ ثواب ہے اس دن کی عظمت کے پیش نظر اس کا نام ''یوم النحر'' ہے۔ اور باقی ایام میں عامة الناس کو مسئلہ سے آگاہی کے لیے کر دی جائے تو شاید اجر و ثواب میں نقص پیدا نہ ہو۔ یا مصلحتِ عامہ پیش نظر ہو تو پھر بھی ہے۔ قربانی کے تین دن نہیں بلکہ چار دن ہیں۔ (۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳ ذوالحجہ) ملاحظہ ہو:

(تفسیر ابن کثیر: ۱/۳۳۱۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 364

محدث فتویٰ